Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۴ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۱۲ ربیع الثانی ۱۳۵۸ھ مطابق ۱ جون ۱۹۳۹ء جلد ۵۱

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	صراحت بابتہ ادائگی تنخواہ عالیرتبت کرنل سی۔ جی سمال صاحب ملٹری سکریٹری	۲	۳	موسومی عالیرتبت کرنل سی جی سمال بہ چیف کمانڈنٹ و ملٹری سکریٹری۔	
۲	انتظام سلسلۂ سالگرہ اعلیحضرت ہز مجسٹی ملک معظم قیصر ہند جارج ششم۔	″	۴	تفویض کار عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر بہ عالیرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر۔	

[illegible] کونسل کا میٹنگ نمبر ۱

۱	قائمی سلسلۂ ملازمت منشی محمد ابراہیم خاں منیجر جائداد کلکتہ	۵	۳	منظوری توسیع منشی متین الزماں صفوی اسسٹنٹ انگریزی کلرک	۶
۲	مستقلی منشی سید افتخار صاحب بعہدۂ سپرنٹنڈنٹ آفس دارالانشاء	۵ و ۶	۴	″ رخصت صاحب ایڈیشنل چیف مجسٹریٹ	″
			۵	″ توسیع مدت ملازمت سپرنٹنڈنٹ صاحب پیلخانہ	۷

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم: تاریخ ۶ر جون ۱۹۳۹ء

(سوری)

عالی مرتبت کرنل سی۔ جی سمال صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کا تقرر ۴ر مئی ۱۹۳۹ء سے منظور کیا گیا ہے۔ لیکن ہمارے حسب الحکم انہوں نے یکم مئی ۱۹۳۹ء سے کام انجام دیا ہے۔ لہذا اُن کو یکم مئی سے تنخواہ دیجانے کی منظوری دی جاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار: تاریخ ۳ر جون ۱۹۳۹ء

(سوری)

اعلیحضرت ہز مجسٹی ملک معظم قیصر ہند جارج ششم کی سالگرہ ۸ر جون کو ہوگی۔ اس سلسلہ میں حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:۔

(۱) ۸ر جون کو شاہی فلیگ پریڈ کے میدان پر نصب ہوگا۔ اور صبح چھ بجے زیر کمان عالیمرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر افواج ریاستہائے کی پریڈ ہوگی۔ فیو ڈی جوائے اور مارچ پاسٹ ہوگا

(۲) جملہ دفاتر، مدارس، اور عدالتوں کی تعطیل ہوگی۔

(۳) غربا۔ ومساکین کو کھانا تقسیم کیا جائے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

روبکار: تاریخ ۷ر جون ۱۹۳۹ء

(سوری)

مابدولت واقبال نے بذریعہ روبکار اجلاس ہمایوں (مصدرہ ۶ر مئی ۱۹۳۹ء) عالیمرتبت کرنل سی۔ جی سمال کو عہدہ "ملٹری سکریٹری" پر مقرر فرمایا تھا۔ لیکن چونکہ عہدہ ملٹری سکریٹری کے فرائض کے علاوہ ہماری نگرانی میں، اور ہمارے احکام کے ماتحت فوج کی ٹریننگ، انتظام، اور ڈسپلن بھی اُن سے متعلق کئے گئے ہیں۔ اس لئے ہمارا منشا ہے کہ اُنکا عہدہ "چیف کمانڈنٹ اور ملٹری سکریٹری" کے نام سے موسوم ہو۔ حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی ڈپارٹمنٹ کو بھی اطلاع دی جائے

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم

مورخہ ۵ جون ۱۹۳۹ء

(مسوری)

عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر بکار سرکار
بمبئی گئے ہیں۔ بمبئی سے واپسی پر شملہ اور نینی تال جائینگے۔
اُن کے زمانہ سفر میں عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر
علاوہ اپنے کام کے عہدہ چیف منسٹر کا کام
بھی انجام دیں گے۔ اہم معاملات میں بذریعہ ڈاک یا تار
سے حکم حاصل کیا جائے۔ کونسل کی میٹنگ بعد
واپسی عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر ہوگی۔
سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری
ہوں۔ ایک ایک نقل بجلہ عالی مرتبت منسٹر صاحبان
بہادر کے پاس بھیجی جائے

دستخط اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم — حکم

آرڈرز ان کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ ۔ ۵ جون ۱۹۳۹ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳ جون ۱۹۳۹ء میں عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ منشی محمد ابراہیم خاں صاحب منیجر جائیداد کلکتہ بحکم ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۲ء بنظر مصالح انتظامی برخاست ہوئے تھے اس کے بعد بحکم ۱۴ جولائی ۱۹۳۴ء بعہدہ نائب تحصیلدار جائیداد کلکتہ مقرر ہوئے ۔ نامبردہ کی درخواست ہے کہ سلسلہ ملازمت سابقہ برقرار فرمایا جائے چنانچہ عالیمرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر نے بھی نامبردہ کی حسن خدمات کا لحاظ کرتے ہوئے برقراری سلسلہ ملازمت کی سفارش فرمائی ہے ۔ وقفہ ایک سال و ۹ ماہ کا ہے ۔ دفعہ ۲۷ قواعد پنشن سے مستثنیٰ کرنیکی کونسل مجاز ہے لہذا

طے پایا کہ :-

نظر بحسن خدمات ۔ منشی محمد ابراہیم خاں صاحب منیجر جائداد کلکتہ کو دفعہ ۲۷ قواعد پنشن سے مستثنیٰ کرتے ہوئے بمعافی وقفہ ایک سال ۹ ماہ ۔ نامبردہ کا سلسلہ ملازمت سابقہ برقرار کیا جانا منظور ہے ۔ ایام علیحدگی کی تنخواہ نہیں دلائی جائے گی نیز یہ زمانہ مدت پنشن میں شمار ہوگا

حکم ہوا کہ ۔

سررشتہ متعلقہ کو احکام مناسبہ جاری ہوں ۔ ایک نقل درج گزٹ ہو اور مسل منفصلہ محکمہ متعلقہ کو واپس کیجائے ۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ ۵ جون ۱۹۳۹ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۳ جون ۱۹۳۹ء میں عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بدیں خلاصہ پیش ہوئی کہ منشی سید افتخار صاحب کا تقرر عارضی آسامی سپرنٹنڈنٹ آفس دارالانشاء پر جو چار ماہ جنوری ۱۹۳۹ء میں بمشاہرہ ایکسو تیس روپیہ ماہوار منظور ہوا تھا ۔ چونکہ اس آسامی کے لئے کوئی موزوں شخص دستیاب نہیں ہوتا تھا اسلئے منشی سید افتخار صاحب کو جو علیگڑھ میں پچانوے روپیہ ماہوار تنخواہ پارہے تھے عہدہ سپرنٹنڈنٹ کی ابتدائی تنخواہ گریڈ دیئے جانے کے وعدے پر یہاں بلایا گیا تھا ۔ منشی رگھبر سہائے صاحب ریٹائر ہوچکے ہیں اور انکی جگہ منشی سید افتخار صاحب کا مستقل تقرر یکم مئی ۱۹۳۹ء سے کیا جائے گا ۔ مناسب ہوگا کہ حسب اتفاق فائنانس اہمیت کار اور موزوں شخص نہ ملنے کے باعث منشی سید افتخار صاحب کو گریڈ کی ابتدائی تنخواہ یعنی ایک سو تیس روپیہ ماہوار دلائی جائے ۔

طے پایا کہ :-

حسب اتفاق ہز ہائنس و مراعات تجویز منشی
سید افتخار صاحب کو بعہدہ سپرنٹنڈنٹ آفس
دارالانشاء ریاست بشاہرہ ایک سو تیس روپیہ انتہائی
تنخواہ گریڈ یکم مئی سنہ ۱۹۳۹ء سے مستقل کیا جانا
منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ — ۵ جون سنہ ۱۹۳۹ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ جون سنہ ۱۹۳۹ء میں
عالی مرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز متعلق
توسیع ملازمت منشی متین الزماں صفوی باشندہ
ضلع غیر پیش ہو کر واضح ہوا کہ نامبردہ کا تقرر بعہدہ
اسسٹنٹ اگریکلچرل انسپکٹر بشاہرہ پچاس روپیہ
۱۱ نومبر سنہ ۱۹۳۶ء ابتداءً برائے چھ ماہ منظور ہوا
تھا۔ اس کے بعد ایک سال کی توسیع مزید دیگی
جسکی مدت ۱۱ مئی سنہ ۱۹۳۹ء کو ختم ہو گئی۔ لہذا
چھ ماہ کی مزید توسیع قابل منظوری ہے۔ اس
سلسلہ کا صاحب سکریٹری بہادر سروس سلکشن
بورڈ سے بھی دریافت کیا گیا۔ اُن کی تحریر سے
واضح ہے کہ نامبردہ کے متعلق سروس سلکشن بورڈ
کے جلسہ منعقدہ ۲ جنوری سنہ ۱۹۳۸ء میں طے
ہوا تھا کہ چونکہ اس وقت کوئی مقامی شخص قابلیت کا
دستیاب نہیں ہوتا۔ لہذا ضلع غیر کے باشندہ کا
تقرر دو سال کے واسطے کیا جا سکتا ہے اس وقت
تک مقامی اشخاص کے تعلیم پا کر آ جانے کی امید ہے
اس کے علاوہ اس وقت کوئی رامپوری اس قابلیت کا
موجود نہیں ہے۔ اور مئی سنہ ۱۹۳۰ء سے قبل ان شخص
کی جو تعلیم کے واسطے بھیجے گئے ہیں۔ واپسی کی امید بھی
نہیں ہے۔ بدیں وجہ ممبر صاحبان کی رائے ہے کہ
تا واپسی باشندگان رامپور از ٹریننگ توسیع میں
ہرج نہیں معلوم ہوتا۔

طے پایا کہ:-

حسب تجویز صیغہ و اتفاق سروس سلکشن بورڈ منشی
متین الزماں صفوی باشندہ ضلع غیر کی مدت
ملازمت عارضی میں از ۱۲ مئی سنہ ۱۹۳۹ء مزید چھ
ماہ کی توسیع منظور کی جاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک
نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ۔ ۵ جون سنہ ۱۹۳۹ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ جون سنہ ۱۹۳۹ء
میں کاغذات رخصت مسٹر اسلم خان صاحب ایڈیشنل
چیف مجسٹریٹ از ۳ جون تا ۲۲ جون سنہ ۱۹۳۹ء
بہ اجازت استفادہ یوم جمعہ ۲۳ جون سنہ ۱۹۳۹ء
پیش ہو کر طے پایا کہ:-

حسب استحقاق صیغہ و فائنانس مسٹر اسلم خان صاحب
ایڈیشنل چیف مجسٹریٹ کی رخصت بادستور سالم تنخواہ

از ۳ تا ۲۲ رجون ۱۹۳۹ء باجازت استفادہ
از تعطیل بعد ۲۲ رجون ۱۹۳۹ء منظور کی جاتی ہے
ان کے متعلقہ کام کا مناسب انتظام عالی مرتبت
صاحب ہوم منسٹر بہادر (چیف مجسٹریٹ) کریں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ ہو:

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر ان کونسل رامپور اسٹیٹ، ۵ رجون ۱۹۳۹ء
اسٹیٹ کونسل کے جلسہ منعقدہ ۴ رجون ۱۹۳۹ء میں عالیمرتبت
صاحب چیف منسٹر بہادر کی تجویز بابت توسیع
مدت ملازمت مسٹر ڈیکریوز سپرنٹنڈنٹ
ٹیلیفون برائے یکسال از یکم مئی ۱۹۳۹ء پیش
ہو کر طے پایا کہ :-
بسلسلہ عمر زائد از پچپن سال مسٹر ڈیکریوز
سپرنٹنڈنٹ صاحب ٹیلیفون کی مدت
ملازمت میں از یکم مئی ۱۹۳۹ء برائے یکسال
توسیع منظور کیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بغرض
کارروائی ٹریننگ دارالانشا کو بھیج جائیں۔

(دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر)
(دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل)